Urdu Scholars Ki Duniya- International Refereed Journal for Urdu ISSN 2320-5369, EISSN 2320-8910

IF: Cosmos Impact Factor: 3.527 IF: Global Impact Factor: 0.383

# وہاٹس ایپ پر اُردو نثر

"WhatsApp per Urdu Nasar"

نیہا رفیق

ریسرچ اسکالر، شعبۂ اردو، برکت اللہ یونیورسٹی، بھوپال۔انڈیا

**وہاٹس ایپ:**

وہاٹس ایپ ایک سوشل نیٹ ورکنگ ایپ ہے، یہ jaukon اور Brian Actou کے ذریعے ۲۰۰۹ء میں منظرِ عام پر آیا، یہ دونوں ہی "Yahoo" میں ملازم تھے، انھوں نے I Pone کے ذریعہ وہاٹس ایپ کا تجربہ پہلی مرتبہ کیا تھا۔ایک طریقے سے دیکھا جائے تو یہ ایپ بھی فیسبک کی طرح ہی ہے۔لیکن ابھی اس سے بھی کئی گنا زیادہ مقبولیت کافی کم وقت میں حاصل کر چکا ہے۔اس ایپ کا بنیادی مقصد بھی تحریر، تقریر اور ویڈیوز کے ذریعہ ہم کلامی کی راہ ہموار کرنا ہے۔یہ فیسبک سے زیادہ مقبولیت لیتا جا رہا ہے، لوگوں نے اب فیسبک کا استعمال کم کر دیا ہے۔کیونکہ گروپس ایجاد (Create) کرنے کے معاملے میں اِس نے فیسبک کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے، اِس کی وجہ یہ ہے کہ اِس کا تعلق براہِ راست موبائل نمبر سے Direct رہا ہے۔

بڑے اُردو داں طبقے نے بھی اِس سے بہت سے فائدے اُٹھائے، اُنھوں نے تعلیمی گروپس بنائے، سماجی گروپس اور خاندان کے افراد کو آپس میں جوڑنے کے لیے بھی بہت سے گروپس ایجاد کیے اور ان تمام گروپس میں بات چیت کی زبان اُردو رکھی گئی جس سے بہت بڑا فائدہ یہ ہوا کہ جن لوگوں کو اُردو نہیں آتی تھی اب اُنھیں بھی اور لوگوں سے دیکھ کر اُردو سیکھنے کی چاہ جاگ گئی اور وہ تمام افراد اُردو زبان سے کافی حد تک متاثر بھی ہوئے۔جن لوگوں کی اردو زبان کمزور سی تھی اُن کی زبان بھی اب درستگی کی طرف جانے لگی۔

وہاٹس ایپ کی مقبولیت کا اندازہ اِس بات سے ہوتا ہے کہ ۲۰۲۰ء تک کی رپورٹ کے مطابق اِس کے صارفین (users) کی تعداد تقریباً ۲ بلین کے قریب پہنچ گئی ہے۔اس میں ایک ہی زبان نہیں بلکہ الگ الگ زبانوں میں لوگوں نے اپنی زندگی کے اہم لمحات، احساسات، جذبات اور خیالات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کیے اور حال میں دیکھا جائے تو ہر شخص عموماً وہاٹس ایپ کے کسی نہ کسی طرح سے جڑا ہی ہوا ہے۔

میں خود اپنی بات اگر کروں تو میرے رہنما (Guide) جنھوں نے مجھے ہر موڑ پر بے حد اچھی رہنمائی سے نوازا ہے ''ڈاکٹر رضوان الحق صاحب''، انھوں نے مجھے بھی وہاٹس ایپ پر ایک اُردو گروپ سے جڑوایا تھا، یہ کچھ وقت پہلے کی بات ہے، بے حد ہی عمدہ لوگ اس گروپ میں موجود ہیں۔''بزمِ افسانہ'' اس گروپ کا نام ہے اور گروپ کے موجودہ ایڈمن 'وسیم عقیل شاہ' ہیں، یہ وہ شخص ہیں جو نئے نئے اردو کے مصنّفین کو نئی راہ ہموار کرا رہے ہیں، ان کے گروپ کے نام سے ہی پتہ چلتا ہے کہ یہ گروپ افسانوں سے متعلق گروپ ہوگا۔اِس گروپ میں صرف افسانے اپلوڈ کیے جاتے ہیں اور پھر ہر روز ایک افسانہ اپلوڈ ہونے کے بعد سبھی گروپ میں موجود لوگ اُسے پڑھتے ہیں اور اپنے اپنے نظریہ کو پیش کرتے ہیں اور پھر تبصرے ہوتے ہیں۔اس میں موجود نئے افسانہ نگاروں کو اِس گروپ نے مستقبل کے لیے بہت اچھا پلیٹ فارم دے دیا ہے اور حال میں بھی بہت سے لوگوں کے لیے ایک رہنما کا کام کر رہا ہے۔اس گروپ میں تمام افسانوں پر تواتر سے اس قدر گفتگو ہوتی ہے کہ پڑھنے والے کو خوب تسلی اور خوشی حاصل ہو جاتی ہے۔اس گروپ کی وجہ سے ہی کئی نئے لکھنے والے سامنے آئے ہیں اور مختصر افسانوں کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک الگ ہی مقام ملا ہے۔

یہ گروپ اور ایسے بہت سے گروپس ہیں جو اُردو نثر کے فروغ کے لیے دن بہ دن کام کر رہے ہیں اور زیادہ لوگوں کو خود کے گروپس میں شامل کرا ہے تا کہ اردو زبان اور نثر کے لیے لوگوں کی محبت بڑھ جائے اور انگریزی زبان کے ساتھ ساتھ وہ اُردو زبان کے فروغ میں بھی حصّہ دار بن جائیں۔

''بزم افسانہ'' کے بعد ایک اور گروپ ہے جس سے میں جڑی ہوئی ہوں، اِس گروپ کا نام ہے ''القلم The Pen''، یہ بھی وہاٹس ایپ گروپ ہے جو اردو نثر کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہا ہے۔ اِس گروپ کا مقصد تمام ایسے لوگوں کو کتابیں میسر کرانا ہے جو شوقین ہیں اور کسی نہ کسی وجہ سے کتابیات تک پہنچ نہیں پا رہے ہیں۔ یہ لوگ کوشش کرتے ہیں کہ ان سے رابطے میں جو لوگ آتے ہیں اُنھیں یہ اُن کی ضرورت یا پسند کی کتابیات میسر کرا سکیں۔ ان لوگوں نے وہاٹس ایپ پر اپنے گروپ کی ابتداء ۱۲/ ۵/ ۱۷ء کو کی تھی۔ انھوں نے لکھا ہے:

''یہ ایک علمی/ ادبی گروپ ہے، جس کا مقصد علم کی شمعیں روشن کرنا ہے۔ اس لیے کسی بھی طرح کا وائرل پیغام، مذہبی، مسلکی سندیش یہاں ساجھا نہ کریں۔ کتابوں کی مانگ کے بعد انتظامیہ کو ۲۴ گھنٹے کا وقت دینے کی زحمت گوارا کریں''۔

یہ تو ہوئے وہ لوگ جن سے میں وہاٹس ایپ پر جڑی ہوں، ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگ ہیں جن تک پہنچنا ذرا مشکل کام ہوگا لیکن ہم سب جانتے ہیں کہ ایسے لوگ بے حد موجود ہیں جو اردو زبان و ادب کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں اور اب سوشل میڈیا کی مدد لے رہے ہیں تا کہ اُردو زبان کو بھی سوشل میڈیا پر ایک اچھا اور بہترین مقام مل سکے جس طرح کہ انگریزی زبان کو حاصل ہے۔ اردو ''بزم افسانہ'' گروپ سے نئے نئے افسانہ نگار سامنے آ رہے ہیں جو آگے جا کر اردو کے مستقبل کو روشن کریں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ رب العالمین ان تمام لوگوں کی مدد کرے گا اور ان کا کام آسان کرے گا۔ (آمین)

☆☆☆